حکومت مہاراشٹر

# تعلیمی کیلنڈر

## جماعت۔ چہارم

## اگست، ستمبر، اکتوبر، 2021



راجیہ شیکشنک سنشودھن وپرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

# ترغیب ورہنمائی



محترم اجیت جی پوار
نائب وزیرِ اعلیٰ
ریاست مہاراشٹر



محترم اُدّھو جی ٹھاکرے
وزیرِ اعلیٰ
ریاست مہاراشٹر



پروفیسر ورشاتائی گائیکواڈ
وزیر برائے اسکولی تعلیم
ریاست مہاراشٹر



محترم وشال سولنکی(IAS)
کمشنر (تعلیم)
ریاست مہاراشٹر




محترمہ وندنا کرشنا(IAS)
چیف ایڈیشنل سیکریٹری
شعبہ اسکولی تعلیمی و کھیل
ریاست مہاراشٹر



## نیک خواہشات

کووڈ ۱۹ کی وجہ سے عالمی سطح پر برپا وبا کے باعث گزشتہ سال سے تاحال تک باضابطہ طور پر مدارس مکمل طور پر کھولنے کے لئے حالات سازگار نہیں ہو سکے ہیں۔ تاہم طلبہ کو تعلیم سے جوڑے رکھنے کے لئے آپ نے متعدد کوششیں کی ہیں۔ مدارس بند........ مگر تعلیم کے بہاؤ کو جاری رکھنے کے مقصد کو اپنا نصب العین بنا کر آپ نے کئی تکنیکی طریقوں کو مستعمل لا کر مہاراشٹر بھر کے کونے کونے، گاؤں کھیڑوں تک سبھی طلبہ کے تدریسی عمل کو برج کورس کے ذریعے جاری رکھنے کے لئے ہر ممکنہ کوشش کیے ہوں گے ایسا میرا تیقن ہے۔

**محکمہ اسکولی تعلیم** نے بچوں کی صحت و تحفظ کو مقدم رکھ کر بچوں کے سیکھنے کے عمل کو جاری رکھنے کے لئے اس سال بھی **تعلیمی کیلنڈر** تیار کیا ہے۔ شعبہ تعلیم کی اس کاوش کو تمام اساتذہ، طلبہ اور اسکولی انتظامیہ کمیٹی کے ساتھ سرپرست حضرات بھی یقینی طور پر مثبت تعاون دیں گے ایسی امید قوی ہے۔

**سبھی کو جاری تعلیمی سال کے لئے تہہ دل سے نیک خواہشات.....۔**

**پروفیسر ورشا تائی گائیکواڈ**

وزیر برائے اسکولی تعلیم

ریاست مہاراشٹر



# پیش لفظ

مہاراشٹر کے تمام طلبہ، سرپرستوں اور اساتذہ کو نئے تعلیمی سال کی نیک خواہشات،، ! !

کووڈ ۱۹ کی مضر اثر انگیزی کے باعث گذشتہ کچھ دنوں سے ہم سبھی کئی مسائل سے دوچار ہیں۔

صحت اور روز مرہ کی ضروریات کے مسائل سے نبرد آزما طلبہ کو کہیں تعلیم سلسلہ منقطع کرنے کی نوبت نہ آئے اور ان کا تعلیم و اساتذہ سے تعلق قطع نہ ہو جائے اس خیال کو مقدم رکھتے ہوئے، ہم نے پچھلے دو مہینوں سے مدارس بند۔۔ مگر تعلیم جاری نامی تعلیمی سلسلہ جاری رکھا ہے۔ جس کو مہاراشٹر بھر کے طلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کر کے کامیاب بنایا۔ تعلیمی سال 2021-2022 میں 15 جون سے ریاست مہاراشٹر کے مدارس کھولے جانے کی راہ میں ان گنت دشواریاں حائل ہیں۔ ان مسائل کے تدارک کے لیے ہم نے ڈیجیٹل ذرائعوں کے ذریعے تعلیم دینے کا فیصلہ لیا ہے۔ اسی تناظر میں ریاستی شکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد مہاراشٹر نے تعلیمی کیلنڈر کی تدوین کی ہے۔ اساتذہ اکرام و سرپرست حضرات نے اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال بڑی دلجمعی سے کرتے ہوئے طلبہ کی تدریس کے عمل کو کامیاب ترین بنانا ہے۔ جب تک باقاعدہ مدارس شروع نہیں ہوتے تب تک طلبہ اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال اپنی سہولت و اوقات کار کے مطابق کر کے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ اس تعلیمی کیلنڈر میں درسی مواد، عملی سرگرمیوں کو شمولیت دی گئی ہے۔ ہم دکشا، اینڈرائیڈ فون، ریڈیو، ٹی وی، LMS وغیرہ ذرائعوں سے پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، اسی کی ایک کڑی یہ تعلیمی کیلنڈر ہے۔ مجھے امید ہے کہ اساتذہ و سرپرست و طلبہ اس سرگرمی کا خیر مقدم مثبت تعاون کی صورت کریں گے۔

اس تعلیمی کیلنڈر کی تدوین کا اولین مقصد اس مشکل گھڑی میں بھی طلبہ کی تعلیم کو جاری رکھنا ہے۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ طلبہ کی صحت کے ساتھ تعلیم بھی برابر کی اہمیت کی حامل ہے۔ گھر پر رہ کر طلبہ اس تعلیمی کیلنڈر کی مدد سے اپنے اوقاتِ کار کے مطابق پڑھائی کر سکیں گے۔

مدارس بند ہونے کے دوران نئے تعلیمی سال کی شروعاتی مددگار عمل و تدریسی تجربات کی مکمل طور پر حصول یابی ممکن نہیں ہے۔ تاہم کسی حد تک اس دستیاب شدہ ای مواد کے ذریعے تدریسی تجربات دینا یقینی طور پر ممکن ہوں گے۔

(ایم۔ ڈی۔ سنہا)

ڈائریکٹر

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد مہاراشٹر پونے

# تعلیمی کیلنڈر

آداب عزیز طلبہ ......

کووڈ 19 اس مرض کی وجہ سے ساری دنیا مختلف مسائل سے نبرد آزما ہے- اس سے شعبہ تعلیم بھی مستثنی نہیں رہا- دنیا بھر کے تمام مدارس اور یونیورسٹیز غیر معینہ وقت کے لئے بند کر دیے گئے ہیں— اساتذہ، طلبہ، سرپرستوں سبھی کو مدارس کے کھولے جانے کے حوالے سے فکر لاحق ہے— مدارس نہ بھی کھلے تب بھی طلبہ کے سیکھنے کا عمل کس طرح زیادہ سے زیادہ کارگر کیا جاسکتا ہے اس پر غور وخوص حکومتی سطح پر مسلسل کیا جارہا ہے—

تعلیمی سال ۲۰۲۱-۲۰۲۲ میں طلبہ کی تدریس کے لئے موبائل فون، ریڈیو، ٹی وی کے استعمال کے لئے بھی حکومت کوشاں ہے— اسی کا ایک باب دکشا ایپ اپلیکیشن کا استعمال طلبہ کی تدریس کے لئے ہو— اس ضمن میں ایک چھوٹی سی کاوش اضافی درسی کیلنڈر کی صورت میں ہم کر رہے ہیں— تعلیمی کیلنڈر اسمارٹ پی ڈی ایف کی شکل میں ہے— جس میں فراہم کے گئے تدریسی لنکس کو چھونے پر متعلقہ ای مواد آپ کے سامنے بہ صورت ویڈیو آجاے گا— دیے گئے ای مواد کو دیکھنے کے لئے انٹرنیٹ سے ربط میں نہ آنے یا نیٹ ورک کے مسائل کے پیش نظر آپ کو نیٹ ورک والی جگہ پر جاکر متعلقہ ای مواد دکشا ایپ سے ڈاونلوڈ کرنا ہے تاکہ آپ انہیں نیٹ ورک کی غیر موجودگی میں بھی دیکھ سکیں—

ریاست مہاراشٹر کے تمام طلبہ و سرپرست بآسانی استعمال کر سکیں— اگست تا اکتوبر 2021 ان مہینوں کے لئے تدریسی ذرائعوں کے سیٹ اس تعلیمی کیلنڈر کی شکل میں آپ سبھی کے لئے فراہم کیا جارہا ہے— اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال آپ اپنے نونہالوں یا اپنے طلبہ کی تدریس کو کامیاب بنانے کے لئے کریں گے ایسی قوی امید ہے—

اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال اساتذہ کی رہنمائی کے مطابق سرپرستوں اور طلبہ نے کرنا ہے— وہیں اساتذہ فون کال، واٹس اپ ان  ان ذرائعوں کی مدد لے کر تدریس کو مزید فرحت بخش کس طرح کرنا ہے اس بات کے لئے کوشاں رہیں— اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال طلبہ سرپرستوں، گھر کے بزرگوں یا بڑے بہن بھائیوں کی زیر نگرانی کریں- اس کیلنڈر میں تدریسی ذرائع دکشا اپ پر متعلقہ جز کا ای مواد دیا گیا ہے— ان ذرائعوں کا استعمال بطور حوالہ سمجھ کر کرنے سے پہلے اساتذہ سے لازماً گفتگو کریں اور اسی طرح اساتذہ کی ہدایات کے مطابق درسی کتب کا بھی استعمال کریں—

صرف تعلیمی کیلنڈر فراہم کر دینے سے طلبہ کی تدریس مکمل نہیں ہو سکتی اس بات کو دھیان میں رکھتے ہوئے  اساتذہ کی ذمہ داری ہے کے وہ سرپرستوں اور طلبہ کے مسلسل رابطے میں رہیں— ان سے گفتگو کرتے رہیں مختلف سوالات پوچھ کر ان کی تشکیلی جانچ بھی کرتے رہیں— طلبہ پر مسلسل آن لائن ٹیسٹ کا بوجھ بھی نہ ڈالیں— وہیں تحریری گھر کام اور ٹیسٹ کی وجہ سے تدریسی عمل کو بوریت بھرا نہ ہو جائے  اس کا خیال بھی رکھے— منصوبہ بندی میں طلبہ کے لحاظ سے لچک بھی ہونی چاہیے-

## اساتذہ کے لئے ہدایات:

1- تمام اساتذہ اس تعلیمی کیلنڈر کو اپنے طلبہ تک پہنچائے-

2۔اس تعلیمی کیلنڈر پر عمل درآمد کرنے سے پہلے اساتذہ اس کو استعمال کرنے والے تمام طلبہ و سرپرستوں سے فون، ویڈیو کال، گروپ کال، کانفرنس کال کے ذریعے اس سے متعلق انکی رہنمائی کریں۔

3۔ابتدا میں اساتذہ طلبہ سے غیر رسمی گفتگو کریں۔ جس میں طلبہ کے خاندان، حالیہ حالات میں انکے روزمرّہ کے معمولات، ان کی جانب سے نبھائی جانے والی ذمہ داریوں، گھر کے بزرگ افراد کی صحت ان تمام امور کے متعلق ان کی رائے کے حوالے سے گفتگو کریں تاکہ استاد اور طلبہ کا تعلق مضبوط سے مضبوط ترین ہو۔

4۔ سبق کی تدریس کے دوران درسی کتاب کس طرح استعمال کی جائے؟ اس کے حوالے سے مکمل معلومات حاصل کریں۔

5۔ ہر سبق کا ای۔ مواد دیکھنے سے پہلے اور دیکھنے کے بعد کیا کرنا ہے اس کے متعلق طلبہ کو بتایا جائے۔

6۔اسی طرح سبق کے ای۔ مواد سے منسلک سرگرمیوں اور مشق کے حوالے سے طلبہ سے گفتگو کریں۔

## تعلیمی کیلنڈر استعمال کرنے کے لحاظ سے طلبا اور سرپرستوں کے لئے کچھ اہم ہدایات:

١ -اس تعلیمی کیلنڈر یعنی درسی کتاب کے اسباق پر مبنی منصوبہ بندی کا مقصد طلبہ کی تدریس کو سہل بنانا ہے۔

٢ -اس تعلیمی کیلنڈر کا استعمال نئی درسی کتب کے ذریعے کریں۔

٣ -ای۔ مواد دیکھنے سے پہلے ایک بار درسی کتاب میں متعلقہ سبق کا مطالعہ کریں اسی کے مطابق ای۔ مواد دیکھ کر درسی عنوان دوبارہ پڑھیں، اس ترتیب پر عمل کرنا زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

٤ -ای۔ مواد دیکھتے ہوئے تدریسی عنوانات میں کوئی دشواری درپیش آنے پر سرپرستوں، گھر کے بڑوں، بڑے بہن بھائیوں یا اساتذہ سے اس کے متعلق گفتگو کریں۔

٥ -ایک سبق مکمل طور پر پڑھ لینے کے بعد مشق پوری طرح حل کریں اور ممکن ہو تو گھر کے بڑوں سے جانچ کروالیں۔

٦ -ہر دن ہر مضمون کی پڑھنے کی عادت ڈالیں۔

٧ -طے کردہ وقت کے بعد اساتذہ کی جانب سے لیا جانے والا ٹیسٹ دیں۔

٨ -ای۔ مواد کا استعمال گھر کے بڑوں کے زیر نگرانی میں ہی استعمال کریں۔

٩ -ای۔ مواد مسلسل نہ دیکھتے ہوئے ہر مضمون کی پڑھائی کے اختتام پر کچھ دیر آرام کریں۔ موبائل یا الیکٹرانک آلات کچھ دیر کے لئے دور رکھیں۔

١٠ -جماعت اول یا دوم کے طلبہ کو فراہم شدہ ای۔ مواد گھر کے سرپرستوں کی مدد سے اور انکی رہنمائی وزیر نگرانی میں استعمال کرنا ضروری ہے۔



11 -آپ کو دیا جانے والا عملی کام، تجربات و سرگرمیاں والدین یا سرپرستوں کے زیر نگرانی ہی کریں اور اس میں ان کا تعاون حاصل کریں۔




12۔اگر تعلیمی کیلنڈر میں موجود لنک نہ کھلے تو اس سبق سے متعلق ای۔ مواد دکشا ایپ کے ذریعے کی مدد سے آپ دیکھ سکتے ہیں۔اس لئے دکشا ایپ اپنے موبائل میں ڈاؤنلوڈ کریں۔اسی طرح درسی کتاب میں موجود QR CODE بھی دکشا ایپ کی مدد سے اسکین کرکے دیکھ سکتے ہیں۔

حکومت مہاراشٹر

راجیہ شیکشنک سنشودھن وپر شکشن پریشد مہاراشٹر، پونے

جماعت:- چہارم　　　　مہینہ:- اگست ۲۰۲۱



| مضمون | سبق کا نام | درکار وقت | آموزشی ماحصل | درس وتدریس کے ذرائع (لنک) | طلبہ کے لئے ہدایت |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اردو<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | برسات، علم کا شوق، فطرت کا سبق<br>حمد | تیسرا ہفتہ | 04.95A.01 | CLICK | یہ چمن میں صبا کی روانی ترنم سے پڑھیں |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا | تیسرا ہفتہ | 04.95B.02 | CLICK | ذاتی وشخصی معلومات سے واقفیت کروانا |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | ماں | چوتھا ہفتہ | 04.95A.01 | CLICK | ماں اللہ کی نعمت ہے۔<br>ماں باپ کی قدر کرو۔ |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | پوری جو کڑھائی سے نکل بھاگی | چوتھا ہفتہ | 04.95A.01 | CLICK | سبق کو سمجھیں |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| ریاضی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | ہندسی شکلیں | تیسرا ہفتہ | 04.95A.02 | Click Here | روزمرہ کی اشیاء کے ذریعے متعلقہ تصورات واضح کرنا |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | قائمہ زاویہ، حادہ زاویہ، منفرجہ زاویہ | تیسرا ہفتہ | 04.95A.02 | Click Here | زاویوں کی پیمائش کرنا |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | عددوں کا علم | چوتھا ہفتہ | 04.95A.02 | CLICK | عددوں کو پڑھنا |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| انگریزی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے) | An Action Song | تیسرا ہفتہ | 04.17.01 | CLICK | Listen and Read |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | A Garden of Words | تیسرا ہفتہ | 04.17.02 | CLICK | Read and Write |
| | قدر پیمائی کے سوالات | | | Click here | |


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Read and Write | CLICK<br>Click here | 04.17.03 | تیسراہفتہ | Words from Letters<br>قدرپیمائی کے سوالات |   |
| Read and Write | CLICK<br>Click here | 04.17.02 | تیسراہفتہ | A Garden of Words_ Part 1<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| Listen carefully and read | CLICK<br>Click here | 04.17.02 | چوتھاہفتہ | One at a Time<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| Read aloud | CLICK<br>Click here | 04.17.03 | چوتھاہفتہ | Four things about me_<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| Read aloud and sing | CLICK<br>Click here | 04.17.03 | چوتھاہفتہ | Raindrops Part 1<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| Read and speak | CLICK<br>Click here | 04.17.03 | چوتھاہفتہ | Action Words and Phrases Part 1<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| حیوانات کی نشوونما | CLICK<br>Click here | 04.95A.01 | تیسراہفتہ | حیوانات کادورحیات<br>قدرپیمائی کے سوالات | ماحول کامطالعہ<br>حصہ۔۱<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> |
| جانداروں کی ضرورتیں ماحول سے پوری ہوتی ہیں۔ | Click Here | 04.95A.02 | چوتھاہفتہ | جانداروں کا باہمی تعلق | |
| | Click here | | چوتھاہفتہ | قدرپیمائی کے سوالات | |
| شیواجی مہاراج بڑی مشہور شخصیت تھے۔ | CLICK<br>Click here | 04.95B.04 | تیسراہفتہ | شیواجی مہاراج کی پیدائش سے پہلے کامہاراشٹر<br>قدرپیمائی کے سوالات | حصہ۔۲ ماحول کامطالعہ<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br>  |
| سنت تکارام کی تعلیمات | CLICK<br>Click here | 04.95B.02 | چوتھ ہفتہ | سنتوں کی تعلیمات<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| درخت کاگیت | CLICK<br>Click here | - | تیسراہفتہ | झाडे (गाणे )<br>قدرپیمائی کے سوالات | मराठी<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br>  |
| دوستی تصویری کہانی | CLICK<br>Click here | - | تیسراہفتہ | मैत्री ( चित्र कथा)<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| دیکھو سمجھو | CLICK<br>Click here | - | تیسراہفتہ | मुलांनी काढलेले चित्र-१<br>قدرپیمائی کے سوالات | |
| دیکھو سمجھو | CLICK | - | چوتھ ہفتہ | चित्रवर्णन | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | Click here | | | قدرپیمائی کے سوالات | |
| طلباء کی پڑھائی | Click Here<br>Click here | - | چوتھ ہفتہ | गन्या गन्या भांगुर्या | |

# راجیہ شیکشنک سنشودھن وپر شکشن پریشد مہاراشٹر، پونے



جماعت:-چہارم　　　　مہینہ:- ستمبر - ۲۰۲۱

| مضمون | سبق کا نام | درکار وقت | آموزشی ماحصل | درس وتدریس کے ذرائع (لنک) | طلبہ کے لئے ہدایت |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | پھول اور بچے | پہلا ہفتہ<br>دوسرا ہفتہ | 04.95A.01 | CLICK | بچے پھولوں کی مانند ہوتے ہیں۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | بہت خوب | دوسرا ہفتہ | 04.95A.02 | CLICK | دیکھو سمجھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | پانی کی حقیقت | تیسرا ہفتہ | 04.95A.02 | CLICK | پانی اللہ کی بہترین نعمت ہے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | چوتھا ہفتہ | | Click here | |
| ریاضی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | جمع، | پہلا ہفتہ | 04.95A.05 | CLICK | دیکھو سمجھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | دوسرا ہفتہ | | Click here | |
| | تفریق | تیسرا ہفتہ | 04.95A.02 | CLICK | دیکھو سمجھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | چوتھا ہفتہ | | Click here | |
| انگریزی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | Row your boat | پہلا ہفتہ<br>دوسرا ہفتہ | 04.17.06 | CLICK | Read aloud and sing |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | The Hare and the Tortoise | تیسرا ہفتہ | 04.17.06 | CLICK | Read aloud |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | Categories, | چوتھا ہفتہ | 04.17.06 | CLICK | Repeat and read |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | To the Market | چھٹا ہفتہ | 04.95A.03 | CLICK | Repeat and read |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| ماحول کا مطالعہ<br>حصہ ۱<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے) | پانی کی ذخیرہ اندوزی | پہلا ہفتہ | 04.95A.03 | CLICK | بارش کے پانی کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | دوسرا ہفتہ | | Click here | |
| | پینے کا پانی | تیسرا ہفتہ | 04.95A.03 | CLICK | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بارش کے پانی کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ | Click here | | چوتھا ہفتہ | قدر پیمائی کے سوالات |  |
| پانی کی اہمیت کو سمجھنا | CLICK | 04.95A.05 | چوتھا ہفتہ | گھر گھر پانی | |
| | Click here | | | قدر پیمائی کے سوالات | |
| شیواجی مہاراج بڑی مشہور شخصیت تھے۔ | CLICK | 04.95B.02 | پہلا ہفتہ | مراٹھا سردار، بھونسلے کا بہادر اور قابل خاندان | حصہ۔۲ ماحول کا مطالعہ (درسی کتاب حاصل کرنے کے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)  |
| | Click here | | دوسرا ہفتہ | قدر پیمائی کے سوالات | |
| مہاراج کے بچپن کی اچھی عادتیں ماں کی فرمابرداری دوستوں سے مل جل کے رہنا قدر کو سمجھنا | CLICK | 04.95B.03 | تیسرا ہفتہ | شیواجی مہاراج کا بچپن | |
| | Click here | | چوتھا ہفتہ | قدر پیمائی کے سوالات | |
| دو تصاویر کو دیکھ کر فرق پہچاننا | CLICK | ----- | پہلا ہفتہ | फरक ओळखा | मराठी  |
| | Click here | | دوسرا ہفتہ | قدر پیمائی کے سوالات | |
| جوڑ کر پڑھنا | CLICK | ------- | تیسرا ہفتہ | अक्षर जोडा | |
| | Click here | | چوتھا ہفتہ | قدر پیمائی کے سوالات | |


## راجیہ شیکشنک سنشودھن وپرشکشن پریشد مہاراشٹر، پونے

**جماعت:- چہارم**      **مہینہ:۔اکتوبر- ۲۰۲۱**

| مضمون | سبق کانام | درکاروقت | آموزشی ماحصل | درس وتدریس کے ذرائع (لنک) | طلبہ کے لئے ہدایت |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | پانی کی حقیقت | پہلاہفتہ | 04.95A.02 | CLICK | پانی اللہ کی بہترین نعمت ہے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | شفیع الدین نیر | دوسراہفتہ | 04.95A.01 | CLICK | شخصیت کو سمجھنا |
| | قدرپیمائی کے سوالات | دوسراہفتہ | | Click here | |
| ریاضی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | ضرب حصہ۔ا | پہلاہفتہ | 04.95.02 | CLICK | ضرب کے سوالات کی مشق کروائیں۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | دوسراہفتہ | | Click here | |
| | تقسیم حصہ۔اول | دوسراہفتہ | 04.95.03 | CLICK | تقسیم کے سوالات کی مشق کروانا۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | دوسراہفتہ | | Click here | |
| انگریزی<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | Munnu's Math's | ساتواں ہفتہ | 04.17.06 | CLICK | Listen carefully and act |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | Circles-2 | ساتواں ہفتہ | 04.95A.03 | CLICK | Dialogues with action |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| ماحول کا مطالعہ<br>حصہ۔ا<br>(درسی کتاب حاصل کرنے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)<br> | غذاکی تنوع | پہلاہفتہ | 04.95A.03 | CLICK | غذاکی اہمیت کو سمجھنا۔<br>اچھی غذاکا استعمال کرنا۔<br>غذاکو برباد نہیں کرنا |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | خوراک میں غذائیت | دوسراہفتہ | 04.95B.13 | CLICK | ہمارے کھانے میں غذائیت ہوناچاہیے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | بیش قیمتی اناج | تیسراہفتہ | 04.95B.05 | CLICK | اناج اللہ کی عطاکردہ نعمت ہے اس کو برباد نہیں کرناچاہیے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |

# راجیہ شیکشنک سنشودھن وپرشکشن پریشد مہاراشٹر، پونے

جماعت:- چہارم　　　　مہینہ:-اکتوبر- ۲۰۲۱

| مضمون | سبق کانام | درکاروقت | آموزشی ماحصل | درس وتدریس کے ذرائع (لنک) | طلبہ کے لئے ہدایت |
|---|---|---|---|---|---|
| حصہ-۲ ماحول کامطالعہ (درسی کتاب حاصل کرنے کے لئے لنک نیچے دی گئی ہے)  | شیواجی مہاراج کی تعلیم | پہلاہفتہ | 04.95B.04 | CLICK | بچپن کی تعلیم ہی شخصیت تعمیر کرتی ہے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | سوراج قائم کرنے کاعہد | دوسراہفتہ | 04.95B.03 | Click Here | شیواجی مہاراج کی لگن اوراپنی حکومت قائم کرنے کی کوشش کو سمجھناہے۔ |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| मराठी  | गंमतकोडे | پہلاہفتہ | ------- | CLICK | دیکھواور سمجھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | वाचूया गिरवूया | دوسراہفتہ | -------- | Click Here | دیکھواور سیکھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |
| | ओळखा पाहू | تیسراہفتہ | ---------- | CLICK | دیکھو،اور سیکھو |
| | قدرپیمائی کے سوالات | | | Click here | |

حکومت مہاراشٹر

## راجیہ شیکشنک سنشودھن پریشد، مہاراشٹر

راجیہ شیکشنک سنشودھن وپر شکشن پریشد مہاراشٹر، پونے

جماعت :- چہارم        مہینہ :-اکتوبر- ۲۰۲۱

| دیگر تعلیمی ای۔ مواد | | |
|---|---|---|
| جماعت اوّل کے لئے | بال واڑی | INSTALL |
| ریاضی کے لئے | KIDS MATHS | INSTALL |
| انگریزی کے لئے | KIDS COMPUTER | INSTALL |
| جماعت دوّم کے لئے | پر گیاشودھ پریکشا | INSTALL |
| جماعت چہارم کے لئے | چہارم پر گیاشودھ پریکشا | INSTALL |
| جماعت پنجم کے لئے | پنجم اسکالرشپ | INSTALL |
| | پنجم اسکالرشپ مشق | INSTALL |
| | نوادے | INSTALL |
| جماعت ہشتم کے لئے | اسکالرشپ | INSTALL |
| دکشاایپ کے لئے | | INSTALL |

جماعت چہارم تیار کردہ

ا۔سید احمد حسین صفدر حسین نگرپا لیکا اسکول نمبر ۵ کرڈواڑی۔ ضلع۔ سولاپور)  ۲۔چپلونکر پرویز عبدالرشید (ضلع پریشد اُردو اسکول پمپلی، تعلقہ۔چپلون، ضلع رتناگری)

۳۔ حسین قریشی(شعبہ اردو DIETبلڈانہ)        ۴۔ عبدالخالق عبدالعزیز ضلع پریشد اردو ماڈل اسکول پلسی تعلقہ۔داروا ہ(ایوت محل)

Reviewer1۔اطہر احمد (شعبہ اردو DIETل ایوت محل)

توصیف پرویز محمد مظفر

شعبہ اردو ایس سی ای آر ٹی پونے

محترم لکشمن سپے صاحب

اپ وبھاگ پرمکھ ایس۔سی۔آر ٹی پونے

ڈاکٹر کملادیوی اوٹے

ڈپٹی ڈائریکٹر شعبہ زباندانی پونے

راجیہ شیکشنک سنشودھن وپرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

# تعلیمی کیلنڈر

## ماہ۔ اگست، ستمبر، اکتوبر، 2021

دکشا ایپ ڈاؤنلوڈ کرنے لئے یہاں کلک کریں.........INSTALL